سوال

(50)اس کی کیا حقیقت ہے؟کوڑہی مرنے کے بعد سڑتا گلتا نہیں

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

یہاں پر یہ کہاوت مشہور ہے کہ کوڑہی (یعنی جس کے جسم پر سفیدی آگئی ہو) مرنے کے بعد سڑتا گلتا نہیں اوراس کے ناحف بال بڑھتے جاتے ہیں کیا یہ صیح ہے

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ کہاوت غلط اور بے اصل ہے ہاں صیح حدیثوں سے انبیاء کرام کے متعلق ثابت ہے کہ ان کا جسم اطہر محفوظ رہتا ہے، والحق ابن عبدالبر بہم الشہداء والقرطبی الموذن المحتسب واورد غیرہ الصدیقین والعلماء العاملین وحامل القران العامل بہ والمرابط والمیت بالطاعون صابرا محتسبا والمکثر من ذکراللہ والمحبین لہ فتلک عشرۃ کاملۃ (زرقانی علی الموطا) محدث دہلی ج ۸ نمبر ۱۲

توضیح الکلام

نبیوں اوررسولوں کا وجود محفوظ رہنا تو صیح حدیث سے ثابت ہے لیکن اس کے علاوہ اللہ تعالی کی مشیت میں چاہے رکھے چاہے نہ رکھے، فقط االراقم علی محمد :۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 10ص 93

محدث فتویٰ